E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعہ 25 ستمبر 2026ء/12 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 228

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے گزشتہ دور حکومت میں سی پیک کے تحت پاکستان میں 29 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری لائی گئی

مرکز اور چیمبرز کو ٹیم بن کر ملکی معیشت کیلئے کام کرنا ہوگا

احسن اقبال

چیمبرز اپنے ممبران کی استعداد کار میں اضافہ کریں اور عالمی منڈیوں تک رسائی اور برآمدات کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کریں، وفاقی وزیر

معرکہ حق کے بعد اب معرکہ معیشت میں کامیابی حاصل کرنا لازم ہے، دفاعی اور سفارتی کامیابیوں کو معاشی کامیابی میں تبدیل کرنا ہوگا، خطاب

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ فیصل آباد پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، حکومت اور چیمبرز کو ایک ٹیم بن کر ملکی معیشت کے لئے کام کرنا ہوگا۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی 50 ویں سالگرہ کے موقع پر بزنس ایلسی لینس ایوارڈز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ چیمبرز اپنے ممبران کی استعداد کار میں اضافہ کریں اور عالمی منڈیوں تک رسائی اور برآمدات کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکاروں اور کاروباری برادری کو برآمدات بڑھانے کے لئے اپنا کردار مزید موثر بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ بیوروکریسی کا پیچیدہ نظام ہے، حکومت سول سروس اصلاحات لا رہی ہے تاکہ انتظامی نظام عوامی سہولت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



نیویارک: پاکستانی تاجروں اور کاروباری شخصیات کے وفد کا بیٹری پارک میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہا ہے

رانا تنویر حسین کی ایف اے او قیادت سے ملاقات، زراعت اور غذائی تحفظ میں تعاون مزید مضبوط بنانے پر جامع گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے ایشیا و بحرالکاہل کے لیے اقوام متحدہ کے ادارہ خوراک و زراعت (ایف اے او) کے ڈپٹی ریجنل نمائندے مسٹر رابرٹ سمپسن اور ایف اے او کی نمائندہ محترمہ ریچل نیل سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور ایف اے او کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے، وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی گفتگو

وزیر خزانہ کی اہم ملاقاتیں

اہم شعبوں کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت متحرک کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون کے فروغ پر توجہ دی جا رہی ہے

ریکو ڈک منصوبہ پاکستان کی مستقبل کی برآمدات کے لیے اہم ہے، منصوبے میں تاخیر کی لاگت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، وزیر خزانہ

نیویارک (این این آئی) نیویارک میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی اہم ملاقاتیں ہوئیں جن میں پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن، ایوی ایشن، کان کنی اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر اور کیش لیس ادائیگیوں کے فروغ پر زور دیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ فری لانسرز کو اعلیٰ مہارتوں کی جانب منتقل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 21 ویں بینشل ورکشاپ بلوچستان میں شریک ایک طلبہ کو لیپ ٹاپ دے رہے ہیں

پی ٹی آئی ایک اور 9 مئی کرنا چاہتی ہے، اس بار اسلام آباد داخل نہیں ہونے دیا جائیگا

خیبر پختونخوا دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پورے پاکستان کے لیے دیوار کا کردار ادا کر رہا ہے، خدانہ کرے، اگر یہ دیوار ٹوٹ گئی تو پھر میں مریم نواز سے پوچھوں گا

پی ٹی آئی والے الٹے بھی لٹک جائیں تب بھی عمران خان کو اپنی سزا ہر حال میں کاٹنی پڑے گی، گورنر خیبر پختونخوا

لاہور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے الٹے بھی لٹک جائیں تب بھی عمران خان کو اپنی سزا ہر حال میں کاٹنی پڑے گی، یہ ایک اور 9 مئی کرنا چاہتے ہیں تحریک انصاف والوں کو کسی بھی صورت 27 ستمبر کو 27 ستمبر کو پاکستان تحریک انصاف یا خیبر پختونخوا ہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9) قانون کے مطابق ان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پنجاب یا اسلام آباد میں داخل نہیں ہونے دیا جائے گا اور اگر انہوں نے ایسی کوئی کوشش کی تو



پی پی پی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری ارباب کاکڑ و دیگر وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے کوئٹہ سٹی کے جیالوں کیلئے فراہم کئے گئے ہوم سولر سسٹم تقسیم کر رہے ہیں

وزیر بلدیات ڈیشان رفیق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب ایجنسیز کا جائزہ اجلاس

پنجاب بھر میں اینٹی لٹرنگ آپریشن میں تیزی لائی جائے، گندگی پھیلانے والوں کو جرمانے ہوں گے، ڈیشان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ڈیشان رفیق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں ایک اجلاس کے دوران تمام ضلعی ایجنسیز کی کارکردگی اور دیگر انتظامی معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی کا ہنگامی دورہ، ٹولنٹن مارکیٹ میں صفائی انتظامات کا جائزہ

شہریار عارف کی دکانوں کے باہر ڈسٹ بن رکھنے، کوڑا مقررہ ویسٹ کنٹینرز میں ڈالنے کی ہدایات

لاہور (این این آئی) چیف ایگزیکٹو آفیسر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) شہریار عارف خان کے شہر میں صفائی انتظامات کی نگرانی کیلئے ہنگامی فیلڈ دورے جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سی ای او لاہور ویسٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

ایف بی آر کے تمام متعلقہ دفاتر (کل) معمول کے مطابق کھلے رہیں گے

ٹیکس اور ڈیوٹی وصولی کا عمل جاری رکھنے کے لیے افسران و عملہ معمول کے مطابق فرائض انجام دے گا

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کمشنرز اور ڈیوٹی کی وصولی کے لیے کل بروز ہفتہ 26 ستمبر کو تمام متعلقہ دفاتر معمول کے مطابق کھلے رکھنے کا فیصلہ کر لیا۔ ایف بی آر کی جانب سے تمام چیف کمشنرز ان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

پاکستان جدت اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے ساتھ انسانی ذمہ داری، سیکیورٹی، شفافیت اور عوامی اعتماد کو بھی یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے، نصیر احمد شیخ

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

اولیائے کرام کے مزارات پر جدید سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر احسان بھٹہ

ترقیاتی کاموں کے دوران زائرین کی آمد و رفت، صفائی ستھرائی، سکیورٹی اور دستیاب سہولیات کا خصوصی خیال رکھا جائے

داتا دربار کے ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، تعمیراتی معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، سیکرٹری اوقاف

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ اولیائے کرام کے مزارات پر آنے والے زائرین کو جدید سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے، اسی مقصد کے تحت مزارات پر جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا ہر پندرہ روز بعد باقاعدگی سے جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ منصوبوں کی بروقت تکمیل، شفافیت اور تعمیراتی معیار کو یقینی بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مزار حضرت علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخش (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

مخصوص روٹس پر ہائی آکوپینسی گاڑیوں کی پابندی قانونی قرار

درخواست گزاروں کا موقف تھا کہ جنوری 2019 سے مذکورہ روٹس پر ٹرانسپورٹ سروس فعال نہیں، جس سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے


عدالت نے درخواست گزاروں کے اس موقف کو بھی ریکارڈ سے ثابت شدہ نہیں مانا کہ مذکورہ روٹس پر کوئی ٹرانسپورٹ سروس دستیاب نہیں

لیسکو کے 33 ہزار خراب بجلی کے میٹرز تاحال تبدیل نہ ہو سکے

صارفین کو اوسط بنیادوں پر بھاری بل جاری، میٹرز کی تبدیلی لیسکو کی ذمہ داری ہے، منیجر اروپ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے لاہور ریلوے اسٹیشن سے کاموکی، مریدکے اور شرقپور شریف تک مخصوص ٹرانسپورٹ روٹس سے متعلق درخواست خارج کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ حکومت کی جانب سے ان روٹس پر ہائی آکوپینسی وہیکلز چلانے کے لیے مقرر کردہ شرائط کا قانون کے مطابق ہیں، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

سنگل اور قطری فیز میٹرز تبدیل نہ ہونے کے باعث بھاری اوسط بلز بھی جاری کر دیے گئے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو میں 32 ہزار سنگل فیز میٹرز کو ڈیجیٹل کوڈ لگایا گیا۔



آل پاکستان ورکرز الائنس کے سیکرٹری جنرل سید عارف حسین شاہ کی قیادت میں وفد سے ملاقات

یونیٹی سٹورز کارپوریشن کے آپریشنز بحال، ملازمین کے تمام واجبات یکمشت ادا کیے جائیں، چوہدری منصور احمد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور پیپلز لیبر بیورو پاکستان کے انچارج چوہدری منصور احمد نے مطالبہ کیا ہے کہ یونیٹی سٹورز کارپوریشن کے آپریشنز بحال اور رضاکارانہ علیحدگی کی اسکیم قبول کرنے والے ملازمین کے تمام واجبات یکمشت ادا کیے جائیں۔ اس امر کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں آل پاکستان ورکرز الائنس، یونیٹی سٹورز کارپوریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سید عارف حسین شاہ کی قیادت میں آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں یونیٹی سٹورز کارپوریشن کے آپریشنز کی بندش، ملازمین کی جبری برطرفی، واجبات کی عدم ادائیگی اور ادارے کی بحالی سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

اسحاق ڈار کی جرمنی کے وزیر خارجہ سے ملاقات، تجارت، سرمایہ کاری و دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور جرمنی کے وزیر خارجہ یوہان ویڈ ہول نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، تعلیم، ہنرمند افرادی قوت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ جمعرات کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

نئے صوبے بنانے سے پہلے سیاسی و انتظامی معاملات اور منصفانہ تقسیم پر بات ہونی چاہیے

کسی غریب آدمی کی جھونپڑی جلانے پر بھی تعزیرات پاکستان کی دفعہ 436 کے تحت مقدمہ درج ہوتا ہے اور اس کی ضمانت آسانی سے نہیں ہوتی

جتھہ بندی، جلسوں کو سیاست تسلیم کر لیا گیا تو مستقبل میں نجی ملیشیاز بھی سامنے آ سکتی ہیں، ایسے اقدامات کو روکنا چاہیے، ملک احمد خان

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ چھوٹے صوبوں کے حقوق اور وسائل کی منصفانہ تقسیم سے متعلق معاملات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

امیر الدین میڈیکل کالج/جنرل ہسپتال میں کلینیکل ٹرائلز و ریسرچ پر ورکشاپ کا انعقاد

کسی بھی تعلیمی رہنما کی اصل کامیابی صرف اس کے اپنے دور کے کاموں تک محدود نہیں ہوتی

میڈیکل سائنس کی ترقی اور طبی میدان میں کامیابی کا انحصار مستقل بنیادوں پر کلینیکل ریسرچ کو آگے بڑھانے پر ہے، طبی ماہرین

لاہور (این این آئی) میڈیکل سائنس کی ترقی اور طبی میدان میں کامیابی کا تمام تر انحصار کلینیکل ٹرائلز اور ریسرچ کو باقاعدگی سے جاری رکھنے پر ہے۔ ان خیالات کا اظہار طبی ماہرین نے امیر الدین میڈیکل کالج، پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ اور لاہور جنرل ہسپتال کے زیر اہتمام منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا ورکشاپ کا بنیادی مقصد فیکلٹی ممبران اور پوسٹ گریجویٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

کوڑا ٹیکس وصولی کا نیا نظام، ایکسائز اور ستھرا پنجاب کے معاہدے کی تفصیلات سامنے آ گئیں

مالی سال 2026-27 سے شہری علاقوں میں صفائی فیس وصولی، ہر صارف کو منفرد شناختی نمبر دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) کوڑا ٹیکس کی وصولی کے حوالے سے ایکسائز ڈیپارٹمنٹ اور ستھرا پنجاب اتھارٹی کے درمیان ہونے والے معاہدے کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ معاہدے کے تحت ایکسائز ڈیپارٹمنٹ مالی سال 2026-27 سے شہری علاقوں میں صفائی فیس وصول کرے گا۔ معاہدے کے مطابق ایکسائز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

نارووال کے ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، خواجہ محمد وسیم


اس لئے تمام تر ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور کوالٹی کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے

نارووال (این این آئی) ممبر بیت المال پنجاب و ممبر صوبائی اسمبلی خواجہ محمد وسیم کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد کیا گیا۔ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری انوار الحق، ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان، ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ رورل ہیلتھ سینٹر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

نجف علی کے پیارے بیٹے احمد علی کو سالگرہ کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں

اللہ تعالیٰ احمد علی کو صحت، خوشیوں، کامیابیوں اور لمبی عمر سے نوازے، ہر قدم پر اپنی رحمت اور حفاظت میں رکھے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) نجف علی کے پیارے بیٹے احمد علی کو سالگرہ کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں۔ اللہ تعالیٰ احمد علی کو صحت، خوشیوں، کامیابیوں اور لمبی عمر سے نوازے، ہر قدم پر اپنی رحمت اور حفاظت میں رکھے، اور ان کے والدین کے لیے ہمیشہ خوشیوں اور فخر کا باعث بنائے۔ اللہ پاک احمد علی کی زندگی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



سابق حکومت میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں میں مالی بے ضابطگیوں کا ریکارڈ طلب

کمیٹی کا فیصل آباد مینجمنٹ کمپنی کے افسران کی کارکردگی پر تشویش کا اظہار، کمپنی کے 2023-25 کے دوبارہ آڈٹ کا حکم

لاہور (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری نے سابق حکومت میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں میں مالی بے ضابطگیوں کا ریکارڈ طلب کر لیا جبکہ کمیٹی نے ستھرا پنجاب کے ملازمین کو بروقت تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر بھی برہمی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

Scanned with CamScanner


Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

سعودی نیشنل ڈے، پاک سعودی تعلقات اور حوثی حملوں کے بعد امتِ مسلمہ کی یکجہتی



تحریر: صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی
چیئرمین، مرکزی علما کونسل پاکستان

سعودی عرب کا قومی دن مملکت کے اتحاد، قومی تشخص اور ترقی کے سفر کی یاد تازہ کرنے کا اہم موقع ہے۔ ہر سال 23 ستمبر کو منایا جانے والا یہ دن مملکتِ سعودی عرب کے اتحاد اور قیام کی تاریخی جدوجہد کی علامت ہے۔ یہ دن پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان قائم برادرانہ، دینی، تاریخی، عوامی، تجارتی اور دفاعی تعلقات کا جائزہ لینے اور انہیں مزید مضبوط بنانے کے عزم کی تجدید کا بھی موقع فراہم کرتا ہے۔

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات محض سفارتی ضرورتوں تک محدود نہیں، بلکہ عقیدت، اخوت، باہمی احترام، حرمین شریفین سے گہری وابستگی اور مشترکہ مفادات پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان محبت اور احترام کا یہ رشتہ کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ مشکل حالات میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی روایت نے ان تعلقات کو مزید مضبوط اور پائیدار بنایا ہے۔

پاک سعودی، ترک دفاعی تعاون اور علاقائی استحکام

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون خطے کی بدلتی ہوئی صورت حال میں اہم پیش رفت ہے۔ تینوں برادر ممالک کے درمیان پہلے سے موجود تاریخی، مذہبی، سیاسی اور دفاعی روابط کو باہمی تعاون کے ذریعے مزید منظم اور مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔ دفاعی تعاون کا بنیادی مقصد کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی نہیں، بلکہ باہمی سلامتی، دفاعی استعداد، دہشت گردی کے خلاف تعاون اور علاقائی امن واستحکام کو مضبوط بنانا ہونا چاہیے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ اپنے تجربات، وسائل اور سفارتی اثر ورسوخ کو بروئے کار لا کر خطے میں امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

سعودی عرب اور رابطہ عالم اسلامی کی جانب سے مسلم دنیا میں مسلکی اختلافات کو تصادم کے بجائے علمی مکالمے، اعتدال اور باہمی احترام کے ذریعے حل کرنے کی کوششیں بھی قابلِ ذکر ہیں۔ انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات اور اعتدال و رواداری کے فروغ کے لیے کی جانے والی کوششیں مسلم دنیا میں امن و استحکام کے لیے اہمیت رکھتی ہیں۔

حرمین شریفین کا تحفظ اور سعودی عرب سے اظہارِ یکجہتی

پاکستانی عوام کے لیے حرمین شریفین سے تعلق محض جذباتی وابستگی نہیں بلکہ ایمان وعقیدت کا حصہ ہے۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے مقدس ترین مقامات ہیں۔ حرمین شریفین کا امن، تقدس اور سلامتی ہر مسلمان کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

سعودی عرب کی سرزمین اور بالخصوص مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ کے امن و سلامتی کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کو امتِ مسلمہ کے اعتدال، رواداری اور پرامن بقائے باہمی کا پیغام عام کریں۔

حکومتِ پاکستان کو بھی سعودی عرب کے ساتھ اپنے دیرینہ دفاعی اور سکیورٹی تعاون کو باہمی معاہدوں، قومی مفاد اور باہمی رضامندی کے دائرے میں مزید مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات کرنے چاہئیں۔

پاک سعودی تجارتی واقتصادی تعلقات

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات میں تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، معدنیات، زراعت، تعمیرات، انفراسٹرکچر، صحت، تعلیم اور ٹیکنالوجی سمیت متعدد شعبوں کو اہمیت حاصل ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، جنہیں باہمی مفاد، شفافیت، تسلسل اور مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے عملی شکل دی جاسکتی ہے۔

پاکستانی افرادی قوت نے بھی سعودی عرب کی تعمیر وترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ لاکھوں پاکستانی سعودی عرب میں مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں اور دونوں ممالک کے معاشی و عوامی روابط کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تجارت، سرمایہ کاری، روزگار، تعلیم، ٹیکنالوجی اور ہنرمند افرادی قوت کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دی جائے تاکہ دونوں ممالک کے عوام اس برادرانہ تعلق سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکیں۔

فلسطین کے لیے مشترکہ آواز

فلسطین کا مسئلہ عالمِ اسلام کے اہم ترین مسائل میں شامل ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ اپنی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر فلسطینی عوام کے بنیادی حقوق، امن وسلامتی اور ایک آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے مؤثر اور پرامن سفارتی کردار ادا کرسکتے ہیں۔

مسلم دنیا کو فلسطینی عوام کے حقوق کے لیے بین الاقوامی سطح پر مؤثر، متحد اور اصولی آواز بلند کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان باہمی اعتماد اور برادرانہ تعلقات اس سلسلے میں مشترکہ سفارتی کوششوں کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

سعودی قومی دن پر خصوصی پیغام

سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر میں خادم حرمین شریفین، سعودی قیادت، علما کرام اور برادر سعودی عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

پاکستانی قوم سعودی عرب کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا گو ہے۔ ہمارے لیے سعودی عرب کی اہمیت حرمین شریفین کی نسبت سے ہمیشہ خصوصی رہی ہے اور رہے گی۔ ہم سعودی عرب کے عوام اور حکومت کے ساتھ اپنے تاریخی، برادرانہ اور دینی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

سعودی عرب کے خلاف کسی بھی جارحیت کی ہم مذمت کرتے ہیں اور سعودی عوام وحکومت کے ساتھ مکمل اظہارِ یکجہتی کرتے ہیں۔ حرمین شریفین کا تقدس، سعودی عرب کی سلامتی، امتِ مسلمہ کا اتحاد اور مسلم دنیا میں امن و استحکام ہمارے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔

ہم سعودی علما اور عوام کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ پاکستان کے عوام سعودی عرب کے ساتھ اپنے تاریخی، برادرانہ اور دینی تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ حرمین شریفین کا تقدس، امتِ مسلمہ کا اتحاد، فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی حمایت، پاک سعودی تجارتی و دفاعی تعاون اور مسلم دنیا میں امن واستحکام کے لیے مشترکہ کوششیں ہماری مشترکہ ذمہ داریاں ہیں۔

اللہ تعالیٰ مملکتِ سعودی عرب کو ہمیشہ امن، سلامتی، استحکام اور ترقی عطا فرمائے، حرمین شریفین کو ہر قسم کے شر اور فتنے سے محفوظ رکھے، پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط فرمائے اور امتِ مسلمہ کو اتحاد، حکمت، اعتدال اور امن کی راہ پر گامزن فرمائے آمین

وزیرِ خزانہ کی اہم ملاقاتیں

نیویارک میں وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب کی اہم ملاقاتیں ہوئیں جن میں پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن، ایوی ایشن، کان کنی اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وزیرِ خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر اور کیش لیس ادائیگیوں کے فروغ پر زور دیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ فری لانسرز کو اعلیٰ مہارتوں کی جانب منتقل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ جات سے متعلق قانون سازی اور نگرانی پر کام جاری ہے۔ وزیرِ خزانہ نے ورچوئل اثاثہ جات کے عملی استعمال اور کم لاگت ترسیلات زر پر توجہ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا، سرکاری قرض اور رئیل اسٹیٹ کی ممکنہ ٹوکنائزیشن پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ محمد اورنگزیب نے امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے چیئرمین جان جوانوویچ سے ملاقات کی، ملاقات میں پی آئی اے کیلئے طیاروں کی خریداری پر امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک سے مالی معاونت پر گفتگو ہوئی۔ وزیرِ خزانہ نے پی آئی اے کی بوئنگ 787 ڈریم لائنرز میں دلچسپی سے آگاہ کیا اور بوئنگ طیاروں اور انجنوں کی خریداری کیلئے مالی معاونت کے پیکیج پر زور دیا۔ گراؤنڈ کیے گئے بوئنگ 777 طیاروں کے لیے اسپیئر پارٹس کی فراہمی بھی زیرِ بحث آئی۔ پی آئی اے طیاروں کی پری ڈیلیوری ادائیگیوں کے لیے ممکنہ مالی معاونت پر بھی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں پاکستان میں ریفائنری اپ گریڈز کیلئے امریکی معاونت اور ریکو ڈک منصوبے کے لیے امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی معاونت پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیرِ خزانہ نے کہا کہ ریکو ڈک منصوبہ پاکستان کی مستقبل کی برآمدات کے لیے اہم ہے اور منصوبے میں تاخیر کی لاگت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ اہم شعبوں کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت متحرک کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون کے فروغ پر توجہ دی جارہی ہے۔

گورننس میں اصلاحات، شفافیت اور میرٹ کو ترجیح دی گئی

پاکستان اور بالخصوص بلوچستان میں طرزِ حکمرانی) گورننس (ہمیشہ سے ایک بڑا چیلنج رہا ہے۔ یہ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ عوام اور حکمرانوں کے درمیان ایک واضح خلیج موجود رہی ہے۔ عوام سیاست دانوں اور حکمرانوں کے ہاتھوں خود کو نظر انداز اور فریب خوردہ محسوس کرتے رہے ہیں۔ طرزِ حکمرانی کے ثمرات عوام، بالخصوص نوجوانوں تک نہیں پہنچ پائے۔ لوگوں نے اپنے علاقے اور زندگیوں کی ترقی کی قیمت پر اپنے قائدین کے طرزِ زندگی میں نمایاں تبدیلیاں دیکھیں۔ یہ تلخ حقیقت اکثر نالاں نوجوانوں میں عسکریت پسندی کی ایک وجہ کے طور پر پیش کی جاتی ہے۔ اعتماد کے فقدان اور عوام وحکمرانوں کے درمیان بڑھتے ہوئے فاصلے نے نوجوان ذہنوں کو پراگندہ کیا اور انہیں ایسے راستے اختیار کرنے پر مجبور کیا جو صرف جناح کی طرف لے جاتا ہے۔

ایسے حالات میں، نئی حکومت نے حلف اٹھایا اور طرزِ حکمرانی کو اپنی اولین ترجیح بنایا۔ وزیرِ اعلیٰ کی دوراندیش قیادت رواتی طرزِ حکمرانی کے نمونے کو توڑنے کے لیے پرعزم تھی، اور انہوں نے پہلے ہی دن بیوروکریسی کے سامنے بلا جھجک اپنا منصوبہ واضح کیا اور ایک بہتر بلوچستان کے لیے اپنے سفر کا آغاز کیا۔ وہ خوش قسمت تھے کہ انہیں اپنے پرنسپل ایڈوائزر)چیف ایڈوائزر (کے طور پر ایک انتہائی تجربہ کار، تعلیم یافتہ، مخلص اور پیشہ ور چیف سیکرٹری میسر آئے۔ ان کی متحرک قیادت اور رہنمائی میں بیوروکریسی صوبے میں تبدیلی کا سب سے مؤثر ذریعہ بن کر ابھری۔ انہوں نے وزیرِ اعلیٰ کے سامنے اپنی حقیقی اور غیر جانبدارانہ رائے رکھنے میں کبھی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کی اور میرٹ کی بنیاد پر فیصلے کرنے میں ان کی معاونت کی۔

انہوں نے محکموں اور افسران کے لیے کارکردگی کی جانچ کا ایک ایسا نظام وضع کیا جو شفاف اور قابلِ پیمائش معیارات پر مبنی تھا، جس میں ذاتی پسند و ناپسند کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ مسائل کی نشاندہی اور فوری و پائیدار حل تلاش کرنے کی ان کی صلاحیت کو سیاسی سطح پر بھی تسلیم کیا گیا۔ اساتذہ، لیکچررز، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل عملے کی نہایت آسان طریقہ کار کے ذریعے بھرتی کی ان کی تجاویز نے نیتنکڑوں اور ہزاروں سکولوں، ہسپتالوں اور کالجوں کو فعال بنا دیا۔ اس وقت تقریباً 98 فیصد سکول فعال ہیں، جبکہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف، جو پہلے غیر حاضر رہا کرتے تھے، اب اپنی جائے تعیناتی پر فرائض انجام دے رہے ہیں۔ بھرتی کا عمل آسان، شفاف اور مکمل طور پر میرٹ پر مبنی بنایا گیا۔ عوام نے اس تمام عمل کو تسلیم کیا اور سراہا کیونکہ اس نے ہر قسم کی بدعنوانی، اقربا پروری اور جانبداری کا خاتمہ کر دیا۔

اس شخصیت کا ایک اور بڑا کارنامہ نام نہاد یونینز اور ایسوسی ایشنز کے بے لگام اختیارات کو لگام ڈالنا ہے۔ یہ تنظیمیں اپنے ناجائز مطالبات منوانے کے لیے ہر حکومت



عمران خان
سیکرٹری انفارمیشن بلوچستان

کو بلیک میل کرتی تھیں۔ انہوں نے ان کے ناجائز مطالبات کے سامنے ڈٹ کر مقابلہ کیا اور ان کے احتجاج اور ہڑتالوں کے سامنے سرِ تسلیم خم نہیں کیا۔ انہوں نے اپنے سیکرٹریز کی مکمل حمایت کی اور سیاسی قیادت کو یونینز اور ایسوسی ایشنز کی بلیک میلنگ کے خلاف قائل کیا۔ ان یونینز اور ایسوسی ایشنز کے گھیراؤ کے افسران کو اپنے محکموں کی بہتری کے لیے اقدامات کرنے کی آزادی دی۔ وہ اکثر اپنے افسران کے ساتھ رابطے میں رہتے ہیں اور ان کی کارکردگی پر نظر رکھتے ہیں۔

ترقیاتی شعبے میں بہتری اور اصلاحات بھی ایک بڑا چیلنج تھا، اور اس شعبے میں ان کا تجربہ اسے کیسے نظر انداز کرسکتا تھا۔ کسی بھی صوبے کی ترقی اس کے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (PSDP) پر مبنی ہوتی ہے، اور واضح وژن اور حکمت عملی کے بغیر ترقی کا کوئی حاصل نہیں ہوتا۔ انہوں نے پی ایس ڈی پی کی نئی ست متعین کی اور سیاسی قیادت کو عوامی پیسے کو زیادہ تر عوامی خدمت پر مبنی اور تزویراتی)اسٹریٹجک (منصوبوں پر خرچ کرنے کی ترغیب دی۔ پی ایس ڈی پی، جو کبھی انفرادی بنیادوں پر منصوبوں کا عکس ہوا کرتی تھی، اب اجتماعی اور اسٹریٹجک منصوبوں میں تبدیل ہو چکی ہے۔ انہوں نے نہ صرف پی ایس ڈی پی کی ست کا تعین کیا بلکہ منصوبوں کی مسلسل نگرانی پر بھی برابر زور دیا۔

انہوں نے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ (P&D) کے مانیٹرنگ اینڈ ایویلیویشن (M&E) ونگ کو مکمل طور پر فعال کیا اور ہر ڈپٹی کمشنر کو اپنے متعلقہ اضلاع میں اسکیموں کی پیش رفت پر نظر رکھنے اور رپورٹ کرنے کے فرائض سونپے۔ اس مشق کے نتائج انتہائی حوصلہ افزا رہے، کیونکہ اس نے اعداد وشمار میں ہیرا پھیری اور غیر معیاری کام کے امکانات کو ختم کر دیا۔ مزید برآں، اضلاع میں ترقیاتی نوعیت کے چھوٹے مطالبات جیسے کہ فٹ پاتھ، اسٹریٹ لائٹس، اور نکاسی آب کے نظام کو پورا کرنے کے لیے انہوں نے معقول فنڈز کے ساتھ یہ ترقیاتی کام ڈی سی کی سطح پر سونپ دیے۔ اس اقدام نے نہ صرف ڈی سی آفس کو بااختیار بنایا بلکہ اضلاع کی مقامی آبادی کے چھوٹے مطالبات کو بھی پورا کیا۔

انہوں نے مختلف اتھارٹیز اور کمیشنز کی کارکردگی کا جائزہ لینا شروع کیا اور انہیں خود کفیل بننے اور عوامی خدمت کو موثر وکارگر انداز میں انجام دینے کے اہداف دیے۔ متعلقہ اداروں کو مالی طور پر منظم اور خود انحصار بننے کی واضح ہدایات دی گئیں۔ وہ بخوبی جانتے تھے کہ نظام میں خرابی کہاں چھپی ہے، اس لیے انہوں نے 'پی پی پی آر اے (BPPRA) ' کو ہدایت کی کہ وہ پروکیورمنٹ)خریداری (کے عمل کا تنقیدی جائزہ لے اور اسے ہر ماہ سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں پیش کرے۔ اعداد و شمار سے یہ بات سامنے آئی کہ اکثر معاملات میں شفاف مقابلے کو ختم کر کے مخصوص فرموں اور کمپنیوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے 'سنگل بڈرز ' کو نوازا جاتا تھا۔ انہوں نے تمام سیکرٹریز کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ خریداری کے عمل کی نگرانی کریں اور اسے شفاف و مسابقتی بنائیں۔ نتیجہ، خریداری کے عمل میں نمایاں بہتری آئی اور انصاف پسندی و شفافیت کی طرف ایک نئے سفر کا آغاز ہوا۔

اس کے علاوہ، سوشل میڈیا کی اہمیت اور مقبولیت کو بھانپتے ہوئے تمام محکموں، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنائیں اور عوام کی آگاہی کے لیے حکومتی اقدامات اور ترقیاتی کاموں کو سوشل میڈیا پر شیئر کریں۔ محکموں کو یہ ہدایت بھی دی گئی کہ وہ اپنی ویب سائٹس کو اپ ڈیٹ کریں اور عوام کی عمومی معلومات کے لیے اپنے محکمے سے متعلق تمام اہم معلومات اپ لوڈ کریں۔ صوبے میں 'رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن ' معلومات تک رسائی کا کمیشن (قائم کرنا بھی ان کے شاندار کارناموں میں ایک اہم سنگ میل ہے۔

ایک مخلص، تعلیم یافتہ، دوراندیش اور دیانت دار قیادت کسی بھی حکومت یا ادارے کے لیے سب سے قیمتی اثاثہ ہوتی ہے، اور یہ تمام اوصاف اس شخصیت میں موجود ہیں۔ انہوں نے ثابت کر دیا کہ تبدیلی کے لیے محض پختہ عزم اور لگن درکار ہوتی ہے۔ وہ صوبے کے لیے ایک بڑی نعمت ہیں اور تحسین کے مستحق ہیں، کیونکہ بہت کم لوگ یہ حقیقت جانتے ہیں کہ سیاسی رہنما ایک قابل، فعال اور اختراع پسند بیوروکریسی کے بغیر ادھورے ہیں۔

موجودہ معاشی حالات میں عوام کی بجائے حکومت قربانی دے، آصف سرفراز

غریب عوام مہنگائی سے زندہ درگور ہو چکے ہیں غیر ضروری اخراجات میں کمی کر کے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی جاسکتی ہے

بے جا عوام پر لیوی لگانے کی بجائے ٹیکس کے نظام کو درست کر کے قومی خزانے میں اضافہ کیا جاسکتا ہے

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) انجمن تاجران ریل بازار کے جنرل سیکرٹری و سینئر نائب صدر مرکزی صرافہ ایسوسی ایشن ریل بازار رانا محمد آصف سرفراز نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملک کے موجودہ معاشی حالات میں عوام کی بجائے حکومت کو قربانی دینی چاہئے غریب عوام مہنگائی سے زندہ درگور ہو چکے ہیں غیر ضروری اخراجات میں کمی کر کے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی جاسکتی ہے لیکن لگتا ہے پاکستان لیوی پر چل رہا ہے اور عوام آئی ایم ایف کے سپرد کر دیئے گئے ہیں۔ بے جا عوام پر لیوی لگانے کی بجائے ٹیکس کے نظام کو درست کر کے قومی خزانے میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محدود طبقے کو 100 روپے کے ریلیف سے مہنگائی کم نہیں ہوسکتی وزیر مملکت پٹرولیم نے ایک ہزار روپے میں بھی پی ٹی لیٹر پٹرول نہ ملنے کا خدشہ ظاہر کر کے عوام کی پریشانی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔



فیصل آباد بورڈ انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ (اول) سالانہ 2026 کے پوزیشن ہولڈرز کو انعامات دے رہے ہیں، پروفیسر (ر) ڈاکٹر راشد حمید، پروفیسر ڈاکٹر ناصر جاوید، پروفیسر ڈاکٹر شمیم اختر، ڈاکٹر شاہد کامران اور پروفیسر رفاقت علی بھی اس موقع پر موجود ہیں۔

بلاول بھٹو عوامی قوت سے آئندہ وزیر اعظم پاکستان ہونگے، زکریا ڈار

شہید بی بی کے نور نظر چیئرمین بلاول بھٹو کی 38 ویں سالگرہ کی خوشیاں تمام جیالوں کو مبارک ہو غریب کا چولہا ٹھنڈا ہو چکا

تاجر مزدور، کاشتکار، کسان، کنگال اور جان لیوا مہنگائی آسمان پر پہنچ چکی ہے پیپلز پارٹی عوام پاکستان کی مشکلات کے حل کیلئے بھرپور آواز اٹھائے

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سٹی کے رہنما میاں زکریا حسن ڈار نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پٹرول مہنگا، پہلے سے مہنگائی کے ستائے عوام پر نیا مالی بوجھ آخر کب تک ڈالا جاتا رہے گا؟ شہید بی بی کے نور نظر چیئرمین بلاول بھٹو کی 38 ویں سالگرہ کی خوشیاں تمام جیالوں کو مبارک ہو غریب کا چولہا ٹھنڈا ہو چکا کاشتکار، کسان، کنگال اور جان لیوا مہنگائی آسمان پر پہنچ چکی ہے پیپلز پارٹی عوام پاکستان کی مشکلات کے حل کیلئے بھرپور آواز اٹھائے شہید بی بی کا بیٹا بلاول انتشاء آسکدہ عوامی قوت سے وزیر اعظم پاکستان ہوگا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی مساوات محمدی کی علم بردار ہے چیئرمین بلاول بھٹو اور پیپلز پارٹی ہر انسان کو بلا تفریق رنگ و نسل احترام انسانیت دینے کی قائل ہے انہوں نے بلاول بھٹو جمہوریت کی شمع روشن کرنے اور معاشی بحران کو مٹانے کے لیے ملکی و عالمی سطح پر میدان عمل میں نکل چکے ہیں حکومت کمزور اور مستحق طبقات کو فوری اور موثر ریلیف فراہم کرے، عوام کو مزید مہنگائی کے بوجھ تلے نہیں دبایا جاسکتا۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کو امن وسلامتی اور بے لگام مہنگائی، غربت و دہشت گردی سے نجات عطا فرمائے ہمارے چیئرمین بلاول بھٹو کو صحت وسلامتی والی لمبی عمر عطا فرمائے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

راناوقاص ڈویژنل سینئر وائس چیئرمین ہیومن رائٹس فیصل آباد نامزد، مظہر سخاوت ڈو

انسانی حقوق، بین المذاہب ہم آہنگی اور مظلوموں کی دادرسی اولین ترجیح ہوگی، راناوقاص



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) مرکزی چیئرمین مظہر سخاوت ڈو نے راناوقاص کو ڈویژنل سینئر وائس چیئرمین ہیومن رائٹس فیصل آباد قومی امن فورس کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی پاکستان نامزد کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسانی حقوق کا تحفظ، مظلوموں کی دادرسی اور تمام مذاہب وسماک کے درمیان رواداری کا فروغ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم نے ہمیشہ معاشرے میں امن و امان، بھائی چارے اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

پنجاب میں ہمارے ورکرز کی زندگیاں اجیرن بنادی گئی ہیں، اسد قیصر

پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہو جائیں وزیراعلیٰ 10 سیٹیں بھی جیت گئیں تو سیاست چھوڑ دوں گا سابق سپیکر

صوابی (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ پنجاب میں ہمارے ورکرز کی زندگیاں اجیرن بنادی گئی ہیں، کسی شہری کو یہ حق حاصل نہیں کہ پبلک میں بات کرے یا جلسہ جلوس کرے۔ صوابی میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کو چیلنج دیا کہ آج پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہو جائیں آپ 10 سیٹیں بھی جیت گئیں تو وہ سیاست چھوڑ دیں گے۔ سابق اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ گزشتہ روز وفاقی وزیر اطلاعات آئے اور دھمکیاں دے رہے تھے، آپ جس لہجے میں بات کرتے ہیں یاد رکھے وقت ایک جیسا نہیں رہتا۔ صوابی میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کو چیلنج دیا کہ آج پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہو جائیں آپ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

ایپما فیصل آباد ریجن کے 10 ایگزیکٹو ممبران بلا مقابلہ منتخب

2026-28 کیلئے تمام امیدواروں کے کاغذات درست قرار، غیر سرکاری نتائج کا اعلان

فیصل آباد (آن لائن) آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن (ایپما) فیصل آباد ریجن کے انتخابات برائے سال 2026-2028 کے حوالے سے ایپما ایشن کمیشن 2026-2028 غلام جیلانی کی طرف سے ایپما الیکشن برائے ایگزیکٹو ممبران 2026-2028 مکمل ہو گئے ہیں، ایگزیکٹو ممبران ایپما فیصل آباد ریجن 2026-2028 کے انتخابات کے غیر سرکاری نتائج کا اعلان کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن (ایپما) فیصل آباد ریجن کے ایگزیکٹو ممبران کے انتخابات برائے سال 2026-2028 کے حوالے سے ایپما ایشن کمیشن 2026-2028 غلام جیلانی کی طرف سے ایپما الیکشن برائے ایگزیکٹو ممبران 2026-2028 مکمل ہو گئے ہیں، ایگزیکٹو ممبران ایپما فیصل آباد ریجن 2026-2028 کے انتخابات برائے سال (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)



فیصل آباد۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام ماڈل پبلک سکول برائے گرلز کی انجینئرنگ گروپ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبہ کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

موجودہ صورتحال میں قومی آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے، حافظ طاہر جمیل

سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کو پیس دیں، صدر انجمن تاجران شنکری بازار



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران شنکری بازار کے صدر اور سپریم انجمن تاجران سٹی کے وائس چیئرمین حافظ طاہر جمیل میاں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ موجودہ مشکل معاشی حالات سیکیورٹی چیلنجز اور خطے کی کشیدہ صورتحال کے پیش نظر فوری طور پر قومی آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے جس میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ساتھ صنعتکاروں، تاجروں اور کاروباری برادری کی نمائندہ تنظیموں کو بھی مدعو کیا جائے تاکہ وسیع تر مشاورت کے ذریعے ملک کو درپیش مسائل کا جائزہ اور حل تجویز کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی سطح پر اتفاق رائے پیدا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

جھل مگسی کے علاقے میں سیاہ کاری کے الزام میں خاتون سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا گیا

جھل مگسی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے میں سیاہ کاری کے الزام میں خاتون سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق جھل مگسی کے علاقے گوٹھ جیانی میں نامعلوم افراد نے مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں عبدالغفار اور مسماۃ (ع) کو فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

گڈز ٹرانسپورٹرز نے کراچی سے اسلام آباد اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی ترسیل بند کر دی

لاہور (این این آئی) اسلام آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے بعد گڈز ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کی سپریم کونسل نے کراچی سے اسلام آباد اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی ترسیل بند کر دی ہے۔ ترجمان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

فلسطینی کاز کی حمایت جاری رکھیں گے، میاں صابر حمید

غزہ کی تعمیر نو اور حکمرانی فلسطینی قیادت میں ہونی چاہیے

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) صدر اوورسیز پاکستانی کمیونٹی (اوپیکن) میاں صابر حمید، میاں فہد صابر نے فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے غزہ اور مغربی کنارے کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ برادر اور شراکت دار ممالک کے ساتھ مل کر فلسطینی کاز کو آگے بڑھانے اور بین الاقوامی قانونی اصولوں کے مطابق مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے، غزہ کی تعمیر نو اور حکمرانی کے انتظامات فلسطینی قیادت میں ہونے چاہئیں جن میں فلسطینی اتھارٹی کا مرکزی کردار ہو۔

مقامی صحافی جمیل سراج کے صاحبزادے کا منفرد اعزاز

رحمان جمیل نے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ نمایاں نمبروں سے پاس کر لیا



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) مقامی صحافی جمیل سراج کے ہونہار فرزند رحمان جمیل نے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ)سول (امتیازی نمبروں سے پاس کر لیا گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سمن آباد فیصل آباد کی طرف سے تین سالہ ڈپلومہ میں مجموعی طور 2674 نمبر حاصل کیے رحمان جمیل نے اپنی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی شکر ادا کرتے ہوئے اسے اساتذہ کی محنت اور والدین کی دعاں کا نتیجہ قرار دیا ہے رحمان جمیل نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)



فیصل آباد ریجنل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام آلٹرنیٹو ریسرچ انکیوبیٹر (اے آر آئی) اور جی سی یونیورسٹی منعقدہ تقریب سے ڈپٹی کمشنر آفیسر رانا ناصر جاوید، ڈی جی ایف ڈی او ڈاکٹر عمر فاروق اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

PUNJAB SEED CORPORATION
4-LYTTON ROAD, LAHORE
042-99212571-4
September 22, 2026

INVITATION FOR BIDS
National Competitive Bidding

PSC invites online bids for below mentioned civil works from construction contractors, firms,

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 1

اور کاروبار کے فروغ کے لئے کام کرے، ہمیں چائنا کی معیشت کی بجائے صنعت، پیداوار اور برآمدات کو فروغ دینا ہوگا۔احسن اقبال نے کہا کہ فیصل آباد کی صنعتیں اپنی برآمدات میں 20 فیصد اضافہ کریں،

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 2

درمیان زراعت اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران پاکستان کی زرعی ترجیحات اور پائیدار غذائی و زرعی نظام، غذائی تحفظ، زرعی ترقی اور کاشتکار برادری کی معاونت کے لیے باہمی تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 3

پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینے کے موقع پر کیا۔قبل ازیں ڈاکٹر احسان بھٹہ نے مزار حضرت داتا گنج بخش پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور ملک وقوم کی سلامتی، استحکام، امن، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعا کی۔ڈاکٹر احسان بھٹہ نے داتا دربار کمپلیکس کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا تفصیلی معائنہ کیا۔ بعد ازاں انہوں نے لنگر خانہ داتا دربار میں داتا دربار میگا پراجیکٹ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کی، جس میں جاری منصوبوں، تعمیراتی مراحل، تکمیل کی مدت اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پراجیکٹس رفیق نورعلو، جنرل منیجر عبیپاک عادل ندیم، سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگ عیسیٰ بن معین، ایڈمنسٹریٹر داتا دربار محمد علی خان، ایکسین فہد نوید، ایس ڈی او داتا دربار رانا زوہیب، منیجرز اوقاف حسن رضوان اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔سیکرٹری ایجوکیشن ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب نے داتا دربار کمپلیکس میں سیلیب کا کام ایک ماہ کے اندر مکمل کرنے، خواتین احاطے اور دیگر سائنس کی ڈسپلنگ کا مکمل تیز کرنے اور عبیپاک کی جانب سے مطلوبہ ڈرائنگز بروقت فراہم کرنے کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔انہوں نے کہا کہ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی ہدایات کے مطابق ترقیاتی کاموں کی رفتار مزید تیز کی جائے اور منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاہم تعمیراتی معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ داتا دربار ملک بھر سے آنے والے عقیدت مندوں کا اہم روحانی مرکز ہے، جہاں زائرین کو بہتر، محفوظ اور باوقار ماحول فراہم کرنا محکمہ اوقاف کی بنیادی ذمہ داری ہے۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کے دوران زائرین کی آمد و رفت، صفائی ستھرائی، سکیورٹی اور متبادل سہولیات کا خصوصی خیال رکھا جائے تاکہ انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 4

کاروبار کو ریگولیٹ کرنا بنیادی حق کی خلاف ورزی نہیں۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس احمد ندیم ارشد نے شاہین ٹریول سروس وغیرہ کی جانب سے دائر درخواست پر فیصلہ سنایا،

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 5

بن مقصود اور ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب افتخار علی عمر جاوید نے بھی شرکت کی۔ پنجاب بھر کی ضلعی ایجنسیز کے مینجنگ ڈائریکٹرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔وزیر بلدیات ڈیجیٹل رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ہر ماہ ایجنسیز کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں اینٹی لٹرنگ انسپکشنز میں بھی تیزی لائی جا رہی ہے۔ اینٹی لٹرنگ سکواڈز کے ایک ماہ میں 22 ہزار 466 وزٹس کے دوران 2121 خلاف ورزیاں ریکارڈ ہوئیں۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ آگاہی مہم کے باوجود گندگی پھیلانے پر جرمانے کئے جائیں گے۔ لاہور میں اینٹی لٹرنگ مہم میں سیف سٹی ٹیمز ورک سے بھی مدد لی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے لوڈر رکشوں میں ٹریکنگ سسٹم کی تنصیب کا آغاز ہوگیا ہے جس سے مانیٹرنگ میں مزید بہتری آئے گی۔ ڈیجیٹل رفیق نے ستھرا پنجاب اتھارٹی کے پیش کردہ بیسٹ پلان پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ پی آئی پی بی ویسٹ الکٹرونز اور عارضی کولیکشن پوائنٹس کی ٹریکنگ پر بھی کام کر رہا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود نے کہا کہ لوڈر رکشوں کی ہر ٹیسٹ کے اندر مقررہ گھنٹے موجودگی اور مائیج پوری کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ یونیفارم کے بغیر ڈیوٹی کرنے پر کارروائی کی جائے گی۔ ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید نے کہا کہ فیلڈ مانیٹرنگ آفیسرز کے دوروں کی ہفتہ وار رپورٹ پورٹل پر اپ لوڈ ہو رہی ہے۔ اوکاڑہ، ساہیوال اور پاکپتن میں آن لائن انوائسز کا آغاز ہو گیا۔ باقی اضلاع میں بھی آن لائن انوائسز کا آغاز جلد ہو جائے گا

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 6

مینجمنٹ کنٹی شہریار عارف خان نے ٹولنگن مارکیٹ کا دورہ کر کے صفائی کی صورتحال اور ویسٹ مینجمنٹ پلان پر عملدرآمد کا جائزہ لیا، ڈپٹی ای ڈی او آپریشنز مبین احسن اور ایل ڈبلیو ایم سی کے سینئر افسران بھی سی ای او کے ہمراہ فیلڈ میں موجود تھے۔ شہریار عارف خان نے ٹولنگن مارکیٹ میں ویسٹ مینجمنٹ پلان کے مطابق صفائی انتظامات کا معائنہ کیا اور دکانداروں سے صفائی کی صورتحال کے بارے میں گفتگو کی، اس موقع پر اینٹی لٹرنگ سکواڈ کے ہمراہ دکانداروں کو دکانوں کے باہر ڈسٹ بن رکھنے اور کوڑا مقررہ ویسٹ کنٹینرز میں ڈالنے کی ہدایات دی گئیں۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی نے کہا کہ ٹولنگن مارکیٹ میں صفائی اور دھلائی کا عمل تین شفٹوں میں یقینی بنایا جا رہا ہے، جبکہ شہر بھر کی کمرشل مارکیٹس میں صفائی پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ شہریار عارف خان نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ایل ڈبلیو ایم سی کی اولین ترجیح ہے اور فیلڈ میں صفائی کے انتظامات کی مسلسل نگرانی جاری رکھی جائے گی

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 7

لینڈ ریونیو کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ لارج ٹیکس پیئرز آفسز اور ریجنل ٹیکس آفسز سمیت تمام متعلقہ فیلڈ فارمیشنز ہفتہ کے روز معمول کے مطابق دفتری امور انجام دیں۔احکامات کے مطابق 26 ستمبر کو افسران اور عملہ معمول کے مطابق اپنے فرائض انجام دے گا جبکہ چیف کمشنرز آف لینڈ ریونیو افسران کی کارکردگی اور دیگر متعلقہ امور کی نگرانی کریں گے۔ ایف بی آر کے مطابق ہفتہ کے روز دفاتر کھلے رکھنے کا مقصد ڈیوٹی اور ٹیکسز کی وصولی کے عمل کو جاری رکھنا ہے۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 8

میں درچوئل اثاثہ جات سے متعلق قانون سازی اور نگرانی پر کام جاری ہے۔وزیر خزانہ نے ورچوئل اثاثہ جات کے عملی استعمال اور کم لاگت ترسیلات زر پر توجہ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا، سرکاری قرض اور نیشنل اسٹیٹ کی تکنہ ٹو کنائزیشن پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ محمد اورنگزیب نے امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے چیئرمین جان جوانووچ سے ملاقات کی، ملاقات میں پی آئی اے کیلئے طیاروں کی خریداری پر امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک سے مالی معاونت پر گفتگو ہوئی۔وزیر خزانہ نے پی آئی اے کی بوئنگ 787 ڈریم لائنرز میں دلچسپی سے آگاہ کیا اور بوئنگ طیاروں اور انجنوں کی خریداری کیلئے مالی معاونت کے پیکیج پر زور دیا۔گراؤنڈ کیے گئے بوئنگ 777 طیاروں کے لیے اسپیئر پارٹس کی فراہمی بھی زیر بحث آئی۔پی آئی اے طیاروں کی پری ڈیلیوری ادائیگیوں کے لیے ممکنہ مالی معاونت پر بھی بات چیت کی گئی۔ملاقات میں پاکستان میں ریٹائرمنٹ اپ گریڈ کیلئے امریکی معاونت اور ریکوڈک منصوبے کے لیے امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی معاونت پر بھی گفتگو ہوئی۔وزیر خزانہ نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ پاکستان کی مستقبل کی برآمدات کے لیے اہم ہے اور منصوبے میں تاخیر کی لاگت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔محمد اورنگزیب نے کہا کہ اہم شعبوں کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت متحرک کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون کے فروغ پر توجہ دی جا رہی ہے

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 9

حکومت پنجاب میں داخل ہو کر تو دکھائے، پی ٹی آئی کی ساری سیاست انتشار پر مبنی ہے، مجھے لگ رہا ہے کہ پی ٹی آئی والے ایک اور 9 مئی جیسا واقعہ رونما کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 10

الونسٹڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان جدت اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے ساتھ انسانی ذمہ داری، سکیورٹی، شفافیت اور عوامی اعتماد کو بھی یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 11

مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر جرمنی کے وزیر خارجہ یوہان ویڈے ہول سے ملاقات کی۔دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ پر ایک دوسرے کو مبارکباد دی اور دیرینہ اور دوستانہ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لئے اعلیٰ سطحی روابط کے تسلسل کی اہمیت کا اعادہ کیا۔انہوں نے بالخصوص تجارت، سرمایہ کاری، اقتصادی تعلقات اور کاروباری سطح پر روابط کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال اور دفاع، تعلیم، ہنرمند افرادی قوت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔ملاقات میں علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جرمن وزیر خارجہ نے مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔انہوں نے فلسطین کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا جبکہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے جنگ بندی، انسانی امداد کی فراہمی اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر منصفانہ اور پائیدار حل کے لئے عالمی سطح پر تسلسل کوششوں کی اہمیت کا اعادہ کیا۔دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 12

پر بات چیت ہونی چاہیے، نئے صوبوں کا قیام ایک طویل اور وقت طلب عمل ہے جس میں انتظامی و سیاسی امور سمیت تمکنہ رکاوٹوں کا بھی جائزہ لینا ہوگا، محسن نقوی کا موقف اس بات پر مبنی ہے کہ تمام شہریوں کو برابر حقوق ملنے چاہئیں، موجودہ انتظامی بندوبست میں ہر شہری کو اس کے حقوق اور وسائل نہیں مل رہے،

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 13

ڈسٹرکٹ کی تکنیکی صلاحیتوں کو جدید تقاضوں کے مطابق نکھارنا تھا اس موقع پر وائس پرنسپل پروفیسر نذرت سہیل، ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فرہاد حسین، ورکشاپ کی آرگنائزر پروفیسر طیبہ گل ملک سمیت فیکلٹی ممبران اور ڈاکٹرز کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ورکشاپ کے مہمان خصوصی، پی ایچ ڈی مالیکیولر بائیولوجی پروفیسر ڈاکٹر محمد آصف نعیم نے جینومکس، جین تھراپی اور طبی تحقیق کے اپنے وسیع تجربے کی بنیاد پر کلینیکل ریسرچ ویلیڈیٹر کے بنیادی اصولوں، جدید تحقیقی طریقہ کار اور عالمی معیارات کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی، اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ گل ملک نے کہا کہ کسی بھی تشخیصی رجحان کی اصل کامیابی صرف اس کے اپنے دور کے کاموں تک محدود نہیں ہوتی، بلکہ اس میں ہے کہ اس کے ثبت اور پائیدار اقدامات مستقبل میں بھی مسلسل ترقی پاتے رہیں انہوں نے سابق پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد فاروق افضل کے علمی و تحقیقی اقدامات کو آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ندرت سہیل نے مہمان خصوصی اور تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادارے میں شواہد پر مبنی طبی تعلیم اور تحقیق کے اداروں کو ہمہ وقت فروغ دیا جائے گا تاکہ سرگرمیوں کو بہتر بنایا جا سکے۔ طلباء و فیکلٹی کو معیاری تحقیق کے بہترین مواقع میسر آسکیں۔ ایم ایس پروفیسر فرہاد حسین کا کہنا تھا کہ تحقیق، جدت اور علمی ارتقاء کا یہ سلسلہ بلا تعطل جاری رکھا جائے گا تاکہ موجودہ کاوشیں آنے والی نسلوں کیلئے ایک مضبوط اور مستحکم علمی بنیاد ثابت ہوسکیں۔ تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 14

ڈیپارٹمنٹ پر اپنی ٹیکس اور صفائی فیس کا مشترکہ سالانہ بل جاری کرنے کا اعلان ہوگا جبکہ فیس وصولی کے لیے جامع کنزیومر ڈیٹا بیس بھی قائم کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 15

کو خوشیوں، محبتوں اور کامیابیوں سے بھر دے۔آمین

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 16

بدوملہی ہسپتال، ڈی ایچ کیو نارووال کی زیر تعمیر مسجد، نارووال میڈیکل کالج کی بلڈنگ، جنگلہ انہار کی جاری تعمیراتی سکیمیں، سیالکوٹ ٹو کرتارپور روڈ سڑکیں بحال پنجاب خوشحال پروگرام 2026-ٹو-2027 کے تحت کنجروڑ روڈ اور اسکی اطراف ڈرین بنانے، چندر کے-ٹو-نارووال روڈ، نیو بدوملہی روڈ کی ڈویلپمنٹ سکیم، ری ہیبلیٹیشن آف مہیلواں-ٹو-بدووال روڈ، لوہارا-ٹو-بڑکھیاں روڈ، لوہانچا کلاں-ٹو-اللہ چونڈہ روڈ وسیع سکیموں بارے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ علاوہ ازیں ضلع نارووال کی حدود میں واسا اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام، ہیلتھ اور لوکل گورنمنٹ سمیت مختلف محکموں کی جانب سے جاری ترقیاتی سکیموں بارے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ممبر مینٹل اسمبلی وچیئرمین بیت المال پنجاب خواجہ محمد وسیم کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ضلع نارووال میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں کوالٹی اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔اس لئے تمام تر ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور کوالٹی کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 17

کا اظہار کرتے ہوئے ملازمین کی تنخواہیں اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہونے کا ریکارڈ بھی طلب کرلیا۔پی ایس ای تھری کا اجلاس چیئرمین احمد اقبال چوہدری کی زیر صدارت ہوا۔اجلاس میں سابق حکومت کے دور میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں میں غیر معمولی مالی بے ضابطگیوں اور اختیارات سے تجاوز کا انکشاف ہوا ہے

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 18

تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا' حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق جب 10 بچے تو چیئرمین بورڈ پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین نے نتائج آن لائن کیے

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 19

اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر کرغزستان کے وزیر خارجہ ڈین بیک کلو بایف سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور کرغزستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔دوسری جانب ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔علاوہ ازیں دونوں وزرائے خارجہ نے باہمی دلچسپی کے امور پر رابطوں اور تعاون کو مزید بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 20

پورہ کے رہائشی فیصل کی اہلیہ (م) کو ملزمان سفیان وغیرہ، جڑانوالہ کے علاقہ 66 گ ب کے احسان علی کی بیٹی (ش) کو ملزمان عمر وغیرہ، چک جمہرہ کے علاقہ 190۔ بے اکرم کا بیٹا عمر فاروق، 240 گ ب کی شمشاد بی بی کا بیٹا اسجد علی اور 39 گ ب کے معراج کا بھائی محمد بوٹا گھر سے کام کاج کے سلسلہ میں نکلے واپس نہ آئے۔جنہیں نامعلوم ملزمان نے اغوا کرلیا، پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 21

کی دنیاوی اور عائلی زندگی کو خوشیوں، سکون اور باہمی محبت سے بھرپور بنانے کے لیے خصوصی دعائیں دیں۔دعوت ولیمہ میں شرکت کرنے والے تمام معزز مہمانوں کا حامی ملک مشتاق اور ان کے اہل خانہ کی جانب سے تہہ دل سے شکریہ ادا کیا گیا، اور مہمانوں کی شاندار تواضع کی گئی۔ تقریب کا اختتام خیر وعافیت اور دعاؤں کے ساتھ ہوا۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 22

اخباری بیان میں انہوں نے کہا کہ احتجاج اور دھرنوں کے باعث معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے تک نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے جبکہ کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ سے براہ راست عام آدمی بھی متاثر ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں آئے روز ہونے والے احتجاجی دھرنوں اور مارچوں کے باعث نہ صرف معاشی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں بلکہ شہریوں کو آمدورفت، کاروبار اور روزمرہ معمولات میں بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار معاشی استحکام اور ترقی کا حصول کسی ایک جماعت یا طبقے کی نہیں بلکہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔سیاسی اختلافات جمہوری عمل کا حصہ ہیں، تاہم اختلاف رائے کے اظہار کے دوران عوامی زندگی اور معاشی سرگرمیوں کو کم سے کم متاثر کیا جانا چاہیے۔انہوں نے مذید کہا کہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں اور ان کے کارکنان کے جذبات اور مقصد کا احترام کیا جانا چاہیے تاہم ایسے بیانات اور اقدامات سے گریز ضروری ہے جو معاشرے میں اشتعال، انتشار یا مذہبی جذبات کو بھڑکانے کا باعث بنیں۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 23

۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے اپنی جد و جہد جاری رکھے گی۔ سیاسی اختلافات کو بات چیت اور آئینی و پارلیمانی طریقہ کار کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے تاکہ ملک میں سیاسی استحکام برقرار رہے اور عوامی مسائل پر توجہ دی جاسکے۔ چوہدری شکور گجر نے پاکستان تحریک انصاف سے مطالبہ کیا کہ وہ پارلیمان میں واپس آکر اپنا جمہوری کردار ادا کرے۔ان کا کہنا تھا کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان باہمی احترام اور مفاہمت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ پارلیمانی فورمز پر موجود راہ کر سیاسی جماعتیں عوامی مسائل پر اپنا موقف پیش کر سکتی ہیں اور قانون سازی سے عمل میں حصہ لے سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 24

کو آگ لگائی گئی پی ٹی آئی میں ایک مخصوص سوچ ہے کہ کسی سیاسی رہنما کو آگے نہیں آنے دینا۔حکومت میں ہونے کی طاقت کی بنیاد پر کسی پر حملہ کرنا قابل قبول نہیں، وزیر اعلیٰ کے حلف میں بھی واضح ہے کہ وہ ایسا نہیں کر سکتے باقما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم باشانے کہا ہے کہ، مذاکرات کے لیے وزیر اعظم کی قائم کردہ کمیٹی آج بھی موجود ہے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ تمام صوبوں اور اداروں پر لاگو ہوگا، فیصلے کی توہین کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا۔انہوں نے کہا کہ لاہور اور وزیر آباد کی گلیوں سے ان کی طاقت کا اندازہ ہو گیا ہوگا، 26 نومبر اور 9 مئی بھی ان کی تاریخ کا حصہ ہیں، 25 مئی 2022 کو بھی مارچ ہوا تھا جس کا معاملہ سپریم کورٹ میں زیر التوا ہے

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 25

جشن دن کی تقریبات منا کر بھٹو ازم اور جمہوریت کی مضبوطی کے لیے تجدید عہد وفا کرتے ہیں

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 26

لیے تعلیمی وظائف کے اجرا کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔اس سلسلے میں ڈی جی (ایڈمن) فرخ آفتاب نے بتایا کہ ایسے فیسکو ملازمین جنہوں نے اپنے بچوں کے تعلیمی وظائف کے حصول کے لیے درخواستیں جمع کروائی تھیں انکی درخواستوں کی باقاعدہ جانچ پڑتال اور قواعد وضوابط کے مطابق تصدیق کے بعد وظائف منظوری دے دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی وظائف کی منظوری کے عمل کو شفاف بنانے کے لیے کمپیوٹر مینجمنٹ کمیٹی برائے وظائف گرانٹ ایڈمنسٹریشن ڈی جی (سی ایم) میجر (ر) مظفر قادر ملک، ممبر کمیٹی ڈپٹی ڈائریکٹری اے ون محمد عرفان اور ممبر کمیٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایچ آر) شاہ اللہ پر مشتمل کمیٹی نے درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس عمل میں ڈپٹی ڈائریکٹر اے اینڈ ایس فراز احمد، آڈٹ آفیسر محمد شہباز، منیر صمیم اور رانا احمد رضا سمیت متعلقہ سٹاف نے بھی مکمل معاونت فراہم کی۔ وظائف منظور کمیٹی کی جانب سے تمام درخواستوں کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد اہل امیدواروں کے لیے وظائف کی منظوری دی گئی اور فیسکو کے مختلف کیڈرز سے تعلق رکھنے والے ملازمین کے 38 بچوں کو تعلیمی سال 26-2025 میں نمایاں تعلیمی کارکردگی کی بنیاد پر وظائف جاری کرنے کے احکامات جاری کیے۔ وظائف حاصل کرنے والوں میں کلاس نہم کے ایک طالب علم کو 20 ہزار روپے، میٹرک کے 19 طلبہ کو مجموعی طور پر 4 لاکھ 50 ہزار روپے، پیشہ ورانہ ڈگری کے مختلف پروگرامز میں زیر تعلیم 13 طلبہ کو مجموعی طور پر 5 لاکھ 10 ہزار روپے، ماسٹر ڈگری کے ایک طالب علم کو 35 ہزار روپے، ایم فل کے دو طلبہ کو مجموعی طور پر 70 ہزار روپے، ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ (DAE) کے دو طلبہ کو مجموعی طور پر 75 ہزار روپے بطور کاسٹرشپ دیئے گئے۔ ڈی جی (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب نے کہا کہ فیسکو انتظامیہ ملازمین کی فلاح و بہبود اور ان کے خاندانوں کی بہتری کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ ملازمین کسی بھی ادارے کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں اور ان کے بچوں کی تعلیم و تربیت میں معاونت کرنا ادارے کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات نہ صرف ملازمین کے بچوں کی تعلیمی حوصلہ افزائی کرتے ہیں بلکہ انہیں اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھارنے اور مستقبل میں ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے مواقع بھی فراہم کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ فیسکو انتظامیہ مستقبل میں بھی ملازمین کی فلاح و بہبود اور ان کے خاندانوں کی بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 27

جس میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ اسٹیکٹرٹاہ اللہ کو ایک شہری سے مبینہ طور پر 10 ہزار روپے بطور رشوت وصول کرتے ہوئے گرفتار کیا گیا ہے۔ مذکورہ معاملے پر پیڈا ایکٹ کے تحت محکمانہ کارروائی شروع کرنے کی تجویز ہے، جبکہ مجاز اتھارٹی نے تحقیقات اور مزید کارروائی کے پیش نظر ان کی معطلی ضروری قرار دی۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند نے قانون کے تحت حاصل اختیارات استعمال کرتے ہوئے اسٹیکٹرٹاہ اللہ کو فوری طور پر 90 دن کے لیے معطل کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔حکم نامے میں واضح کیا گیا ہے کہ یہ معطلی قصور ثابت ہونے کا حتمی فیصلہ نہیں ہے اور معاملے میں مزید کارروائی قانون کے مطابق عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 28

دے تو حکومت کو کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا۔جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پی ٹی آئی کے پاس قانونی ٹیم موجود ہے مگر لگتا ہے اسے علم ہے کہ بانی 17 سال سے جیل میں قید ہیں ہیں ہوسکتے اس

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 29

لئے سیاسی دباؤ کے لئے سڑکوں پر تماشے لگانے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے پاکستان سمیت کئی ممالک مہنگائی اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں ایسے حالات میں سیاسی اختلافات کو نظر انداز کرکیا پارٹیشن کونسل معاملات کے لئے پارلیمان میں اپنی رائے دینی چاہئے انہوں نے کہا کہ اقتدار میں آنے سے پہلے اور ایوان اقتدار سے جانے کے بعد بھی پی ٹی آئی سڑکوں کی سیاست کررہی ہے اسے ملک اور عوام سے کوئی دلچسپی نہیں۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 30

ڈائریکٹر سکولز سیل آصف چوہان، پرنسپل ڈی بی ایس عالیہ چٹھہ و دیگر موجود تھے۔

بقیہ نمبر ــــــــــــــــــــ 31

وزیر خارجہ نے پاکستان اور گوئٹے مالا کے درمیان دوستانہ اور خوشگوار تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ روابط اور باہمی تعاون کو مزید مستحکم کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور سیاسی سطح پر باقاعدہ رابطوں کو بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ملاقات کے موقع پر پاکستان اور گوئٹے مالا کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت کے معاہدے پر اسحاق ڈار اور کارلوس رامائرہ مارٹینیز الوارادو نے دستخط کیے۔معاہدے کے تحت دونوں ممالک کے درمیان باقاعدہ سیاسی مشاورت کیلئے ایک ادارہ جاتی فریم ورک قائم ہوگا، جس کے ذریعے باہمی دلچسپی کے معاملات پر دونوں ملکوں کے حکام کے درمیان مستقل رابطہ اور مشاورت کو فروغ دیا جاسکے گا۔دونوں وزرائے خارجہ نے معاہدے پر دستخط کو پاکستان اور گوئٹے مالا کے تعلقات میں مزید پیش رفت قرار دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ باقاعدہ سیاسی مشاورت کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔اس ادارہ جاتی طریقہ کار کے ذریعے دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے میں مدد ملنے کی توقع ظاہر کی گئی۔ملاقات کے دوران گوئٹے مالا کے وزیر خارجہ نے ملاقاتی امن واستحکام کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔انہوں نے ملاقاتی سطح پر سفارتی اور قانونی کی کوششوں کے ذریعے امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔دونوں وزرائے خارجہ نے موجودہ علاقائی بحرانوں کے توانائی کی فراہمی پر مرتب ہونے والے اثرات کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر توانائی کے آزادانہ بہاؤ کی اہمیت پر زور دیا گیا اور کہا گیا کہ عالمی و علاقائی سطح پر توانائی کی فراہمی میں رکاوٹیں نہ صرف متعلقہ ممالک بلکہ عالمی معیشت پر بھی اثر انداز ہوسکتی ہیں۔ملاقات میں بحری تجارت کے آزادانہ بہاؤ کی اہمیت پر بھی اتفاق کیا گیا۔ملاقات کے دوران گوئٹے مالا کے وزیر خارجہ نے اس امر پر زور دیا کہ علاقائی اور عالمی تجارت کیلئے محفوظ اور بلا رکاوٹ بحری راستے ضروری ہیں۔ جاری بحرانوں کے تناظر میں توانائی اور بحری تجارت سے متعلق صورتحال پر مسلسل رابطے اور مشاورت کی ضرورت پر بھی اتفاق کیا گیا۔اسحاق ڈار اور گوئٹے مالا کے وزیر خارجہ نے علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ علاقائی مسائل کے پائیدار حل کیلئے بات چیت، سفارتی راہلوں اور پرامن ذرائع کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ملاقات میں عالمی سطح پر درپیش چیلنجز اور ان سے نمٹنے کیلئے کثیر الجہتی نظام کی اہمیت پر بھی خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے کثیر الجہتی اداروں کے کردار کو اہم قرار دیتے ہوئے اقوام متحدہ سمیت عالمی اداروں کے ذریعے بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ پاکستان اور گوئٹے مالا نے اقوام متحدہ کے کردار کی تعریف کی اور کثیر الجہتی اداروں، بالخصوص اقوام متحدہ سے اپنی وابستگی کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔ دونوں ممالک نے عالمی چیلنجز کے حل کیلئے بین الاقوامی تعاون اور کثیر الجہتی سفارتکاری کو موثر ذریعہ قرار دیتے ہوئے اقوام متحدہ کے کردار کی حمایت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ گوئٹے مالا کے وزیر خارجہ نے اقوام متحدہ کے امن مشن میں پاکستان کے دیرینہ کردار کو بھی سراہا، پاکستان طویل عرصے سے اقوام متحدہ کے امن مشن میں اپنے اہلکار

PTI جلاؤ گھیراؤ کی بجائے پارلیمنٹ میں آئے، ناصر شاہین

عدالتی فیصلے کے بعد اگر خیبر پختونخوا سے چند درجن جتھے جلاؤ گھیراؤ کے لئے سڑکوں پر نکلیں گے تو قانون متحرک ہوگا

اگر دارالحکومت کی سیکیورٹی یا امن و امان کو خطرے میں ڈالا گیا تو حکومت قانون کے مطابق سخت ایکشن لے گی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق چیئرمین و پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما محمد ناصر شاہین اور سید علی بلال شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے مجوزہ لانگ مارچ اور احتجاج کو عوام مسترد کردیں گے جبکہ ان کے اپنے ارکان بھی متحد نہیں۔ عدالتی فیصلے کے بعد اگر خیبر پختونخوا سے چند درجن جتھے جلاؤ گھیراؤ کے لئے سڑکوں پر نکلیں گے تو قانون متحرک ہوگا۔جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ اگر دارالحکومت کی سیکورٹی یا امن وامان کو خطرے میں ڈالا گیا تو حکومت قانون کے مطابق سخت ایکشن لے گی۔انہوں نے کہا کہ ایک سزا یافتہ قیدی کی رہائی اور احتجاج کے ذریعے حکومت گرانے کی خواہش ایک خواب ہوسکتا ہے اگر پی ٹی آئی کو کوئی سیاسی شکایت ہے تو وہ سڑکوں پر گھیراؤ جلاؤ کرنے کی بجائے پارلیمنٹ یا عدالتوں سے رجوع کرے۔

اسحاق ڈار کی گوئٹے مالا کے وزیر خارجہ سے ملاقات، اہم معاہدے پر دستخط

پاکستان اور گوئٹے مالا کے دوستانہ تعلقات پر اطمینان، علاقائی چیلنجز کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری پر زور



نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر گوئٹے مالا کے وزیر خارجہ کارلوس رامازو مارنجیز الوارادو سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور گوئٹے مالا کے دوطرفہ تعلقات، علاقائی و عالمی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت کے معاہدے پر بھی دستخط کیے گئے۔دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور گوئٹے مالا کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

اسحاق ڈار کی کرغزستان کے وزیر خارجہ سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر رابطوں اور تعاون کو مزید بڑھانے پر اتفاق

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کرغزستان کے وزیر خارجہ سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19) میں منعقدہ

پوزیشن ہولڈرز کا ملک وقوم کی ترقی میں کلیدی کردار ہوگا، پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین

امتحانی نظام میں شفافیت، میرٹ اور معیار کو یقینی بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جارہا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات نے اپنی محنت، والدین کی تربیت اور اساتذہ کی رہنمائی سے جو مقام حاصل کیا ہے بلاشبہ یہ کامیابی نہ صرف ان کے روشن مستقبل کی بنیاد ثابت ہوگی بلکہ یہ نوجوان ملک وقوم کی ترقی میں بھی اپنا کلیدی کردار ادا کریں گے ان خیالات کا اظہار چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین نے امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ وکیموڈٹ (اول) سالانہ 2026ء کے نتائج کے اعلان اور پوزیشن ہولڈرز طلباء وطالبات کے اعزاز میں تعلیمی بورڈ فیصل آباد کے آڈیٹوریم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



فیصل آباد: فیصلکو اور سینئر آف ٹیچر کیٹلوگ دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے اشتراک سے "ہیرو کیریئر مینٹ ان لائف سائیکل" کے موضوع پر منعقدہ ورکشاپ کے اختتام پر ڈاکٹر عرفان محمود شرکا کو سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں، میاں طیب ذیشان عمر

ایک ایسی صورتحال میں جب ایران کی امریکا اور اسرائیل کے ساتھ خلیج جنگ نازک امن کے ساتھ غیر یقینی کے صورت حال پر کھڑی ہے تو ایسے میں ایک اور نیا محاذ کھولنا یا توسیع دینے کے بجائے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے اس کو بڑھایا نہ جائے اور بڑے خلفشار میں تبدیل نہ کیا جائے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران ریل بازار کے صدر میاں طیب اور جنرل سیکرٹری ذیشان عمر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں۔مقدس مقامات کی حفاظت ہمارا فریضہ ہے، جہاں مکہ معاہدہ نافذ ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ ہمارے اوپر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنا فرض ادا کریں گے۔انہوں نے ایک ایسی صورتحال میں جب ایران کی امریکا اور اسرائیل کے ساتھ خلیج جنگ نازک امن کے ساتھ غیر یقینی کے صورت حال پر کھڑی ہے تو ایسے میں ایک اور نیا محاذ کھولنا یا توسیع دینے کے بجائے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے اس کو بڑھایا نہ جائے اور بڑے خلفشار میں تبدیل نہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان کشیدگی مزید شدت اختیار کرجاتی ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)



فیصل آباد: ایس ایس پی ہیڈ کوارٹر پولیس فیصل آباد رجنیش مرزا، انجم کمال ہیڈ کوارٹر پوسٹ کجوانہ کی تعارفی تقریب میں

ڈی پی ایس گرلز کی طالبہ امامہ محمد کی انٹرپری انجینئرنگ میں پہلی پوزیشن

1150 نمبر حاصل کرنے پر کمشنر عمران حامد شیخ کی طالبہ کو مبارکباد، میڈل اور سرٹیفکیٹ دیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام انٹر سالانہ امتحان پری انجینئرنگ گروپ میں ڈویژنل پبلک سکول برائے گرلز کی طالبہ امامہ محمد کو 1150 نمبر حاصل کرکے پہلی پوزیشن لینے پر مبارکباد دی۔انہوں نے طالبہ کو میڈل پہنایا اور سرٹیفکیٹ دیا۔انہوں نے طالبہ کے والدین کو بھی مبارکباد دی جبکہ سکول انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ ذہین طالب علم ہمارا سرمایہ ہیں اور ڈی پی ایس گرلز کی طالبہ نے انٹر امتحان پری انجینئرنگ گروپ میں پوزیشن لیکر سر فخر سے بلند کیا ہے۔اس موقع پر طالبہ اور ان کے والدین نے حوصلہ افزائی پر کمشنر فیصل آباد کا شکریہ ادا کیا۔(باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

تحریک انصاف کی ہسٹری جلاؤ گھیراؤ اور لاشیں گرانا ہے، عطا تارڑ

تحریک انصاف پولیس میں سیاسی بھرتیاں اور ایسا آئی جی تعینات کرنا چاہتی ہے جس سے سیاسی مقاصد حاصل کیے جاسکیں



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی ہسٹری جلاؤ گھیراؤ اور لاشیں گرانا ہے۔نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ شہریوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، اسلام آباد کے شہریوں کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطے جاری رہتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف نے تحریک انصاف کو متعدد مرتبہ مذاکرات کی دعوت دی، تاہم حکومت قانون (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

پی ٹی آئی رہائی کیلئے سڑکوں کی بجائے عدالت سے رجوع کرے، خلیل طاہر سندھو

لانگ مارچ کے نام پر تشدد کی اجازت نہیں، سیاسی اختلافات پارلیمان میں اٹھائے جائیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن میڈیا ٹریننگ ونگ پنجاب کے صدر سینیٹر سردار خلیل طاہر سندھو نے کہا ہے کہ لانگ مارچ کے نام پر کوئی بھی پرتشدد گروہ اسلام آباد میں داخل نہیں ہوسکتا پی ٹی آئی کی رہائی کے خواہشمند سڑکوں پر نہ نکلیں دو چار لوگوں کے ساتھ عدالت میں جائیں عدالت رہا کرے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 3 خواتین اور 3 نوجوان کو اغوا کرلیا گیا

فیصل آباد (آن لائن) اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 3 خواتین اور 3 نوجوان کو اغوا کرلیا گیا، تفصیل کے مطابق چک جمیرہ کے علاقہ رسول (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

اتحاد پولٹری ایسوسی ایشن کے صدر حاجی ملک مشتاق کے بیٹے کی دعوت ولیمہ

سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیات کی شرکت، نوبیاہتا جوڑے کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) اتحاد پولٹری ایسوسی ایشن سٹی (رجسٹرڈ) فیصل آباد جناح ٹاؤن کے صدر حاجی ملک مشتاق کے بیٹے کی دعوت ولیمہ کی تقریب مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی جس میں سید عادل حسین کاظمی، رانا عبداللہ اشفاق، حاجی شکیل، فیاض احمد مٹھے خان، حاجی محمد اسلام، محمد زاہد، وسیم عباس اور دیگر عہدیداران سمیت سپلائی ایسوسی ایشن سے ملک شہباز قاسم بندھاوا، حاجی ملک افضل، حاجی ملک انور، ملک خلیل، محمد متین، چیئرمین پی پی اے فارمر ونگ رانا محمد سلیم اور ان کے صاحبزادے، رشتہ داروں اور دوست احباب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس پُرمسرت موقع پر مہمانوں نے دلہن اور دلہے (نوبیاہتا جوڑے) کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور نئے جوڑے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

احتجاجی دھرنوں سے معاشی سرگرمیاں متاثر ہونے کا خدشہ، شاہد محمود بیگ

پائیدار معاشی استحکام اور ترقی کا حصول کسی ایک جماعت یا طبقے کی نہیں بلکہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ نون سٹی کے جنرل سیکرٹری شاہد محمود بیگ اور ممبر سنٹرل کونسل سید محمد علی بخاری نے تحریک انصاف اور جماعت اسلامی کے احتجاجی دھرنوں پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ احتجاجی مارچ، دھرنوں اور ہڑتالوں سے ملک میں جاری معاشی ترقی کا عمل متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔معاشی سرگرمیوں میں تعطل کے باعث قومی معیشت کو اربوں روپے کے نقصان کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔اپنے مشترکہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

سیاسی مسائل کا حل احتجاج کی بجائے پارلیمانی عمل کے ذریعے ممکن، شکور گجر

پیپلز پارٹی ٹی جمہوریت اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی، گفتگو



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور گٹ ہولڈر پی پی 114 چوہدری شکور گجر نے کہا ہے کہ عوام، پاکستان اور جمہوریت کے مفاد میں پیپلز پارٹی ہمیشہ اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔سیاسی مسائل کا حل احتجاج، محاذ آرائی اور تصادم کے بجائے مذاکرات، باہمی مشاورت اور پارلیمانی عمل کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔تمام سیاسی قوتوں کو قومی مفاد اور جمہوری استحکام کیلئے سنجیدہ کردار ادا کرنا ہوگا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

آج ملک انتہائی معاشی بدحالی کا شکار ہے، اکرم پاشا

عوام پاکستان مالی مشکلات سے دوچار ہیں حالات کی سنگینی کا مقابلہ کیسے کیا جاسکتا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا نے کہا ہے کہ آج ملک انتہائی معاشی بدحالی کا شکار ہے عوام پاکستان مالی مشکلات سے دوچار ہیں حالات کی سنگینی کا مقابلہ کیسے کیا جاسکتا ہے سیاسی جماعتوں اور حکمرانوں کو صرف عوام اور ملک کا سوچنا چاہئے ذاتی لڑائیاں چھوڑ دینی چاہئے بانی پی ٹی آئی نے 25 مئی 2022 کے واقعات سے لاعلمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ انہیں پتہ ہی نہیں چلا اور درختوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

پٹرول، بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہیں

بلاول بھٹو زرداری عوامی خوشحالی ملکی ترقی اور قومی سربلندی کی امید ہے، لال حسین راشد



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری لال حسین راشد، سینئر نائب صدر میاں ارشد ندیم نے کہا کہ پٹرول بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہیں بلاول بھٹو زرداری عوامی خوشحالی ملکی ترقی اور قومی سربلندی کی امید ہے چیئرمین بلاول بھٹو شہید قائد عوام بھٹو بے نظیر کے عوامی مشن اور جمہوری جدوجہد کے امین ہیں پی ایل پی کے عہدیداران اپنے عظیم قائد بلاول بھٹو زرداری کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

فیسکو ملازمین کے 38 بچوں کیلئے تعلیمی وظائف منظور

تعلیمی کارکردگی پر مختلف کلاسز کے طلبہ کو مجموعی طور پر 11 لاکھ 60 ہزار روپے وظائف جاری

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب کی زیر نگرانی فیسکو ایڈمن ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے مختلف اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔اسی سلسلے میں فیسکو ملازمین کے بچوں کی حوصلہ افزائی، ان کی تعلیمی ضروریات پورا کرنے اور انہیں تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

سوشل میڈیا سے آمدن کمانے والوں کیلئے ٹیکس کا نیا طریقہ کار جاری

اصل آمدن مقررہ حد سے کم ہونے کی صورت میں کم آمدن کا ثبوت کمشنر کو دینا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے سوشل میڈیا سے آمدن کمانے والوں کیلئے ٹیکس کا خصوصی طریقہ متعارف کرادیا ہے، ٹیکس کیلئے سوشل میڈیا آمدن میں سے اخراجات کی زیادہ سے زیادہ 30 فیصد تک کٹوتی ہوگی، یعنی کم از کم قابل ٹیکس آمدن کا حساب مجموعی آمدن میں سے قابل قبول اخراجات نکال کر کیا جائے گا۔

ایف ڈی اے انفورسمنٹ انسپکٹر ثناءاللہ معطل

مبینہ رشوت کیس میں 90 روز کی معطلی، محکمانہ کارروائی شروع

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کے حکم پر محکمانہ نظم وضبط اور احتساب کے عمل کے تحت انفورسمنٹ انسپکٹر ایف ڈی اے ثناءاللہ کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔اس سلسلے میں جاری ہونے والے دفتری حکمنامے کے مطابق انضباطی کارروائی شروع ہونے تک ثناءاللہ کا ہیڈکوارٹر فیصل آباد ریجن میں درج ایف آئی آر نمبر 49/2026ء کے حوالے سے رپورٹ موصول ہوئی، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

سستی بجلی کا حصول وقت کا ناگزیر تقاضا ہے، سدارہ بندیشہ

اگر انسانے کا سلسلہ یونہی جاری رہا تو ملک کی صنعت وتجارت کو سخت نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے، تاجر دوست سکیم کی آڑ میں FBR کی زیادتیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا

پٹرول کی قیمتیں بار بار بڑھنے سے مہنگائی کا سیلاب بے قابو ہوتا جارہا ہے، بجلی وگیس کے بلوں میں عائد تمام ٹیکسز ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کریں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹکٹ ہولڈر وامیدوار این اے 100 عوامی خاتون لیڈر سدرہ سعید بندیشہ نے کہا کہ پٹرول کی قیمتیں بار بار بڑھنے سے مہنگائی کا سیلاب بے قابو ہوتا جا رہا ہے سستی بجلی کا حصول وقت کا ناگزیر تقاضا ہے غریب عوام دوست سکیم فوری لاگو کرے بجلی وگیس کے بلوں میں عائد تمام ٹیکسز ختم کرنے کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

جائیداد کے تنازعہ پر مشتعل نوجوان نے فائرنگ کرکے دادی اور پھوپھی کو لہولہان کردیا

فیصل آباد (آن لائن) جائیداد کے تنازعہ پر مشتعل نوجوان نے فائرنگ کرکے دادی اور پھوپھی کو لہولہان کردیا، حملہ آور ہوائی فائرنگ اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

اوور چارجنگ پر کارروائی، دکاندار کے خلاف مقدمہ درج

35 انسپکشنز، 35 ہزار جرمانہ، دو افراد گرفتار

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ایڈمن آفیسر/پراس کنٹرول مجسٹریٹ ریاض حسین انجم نے پراس کنٹرول ایکٹ کی سنگین خلاف ورزی پر ایک دکاندار کے خلاف مقدمہ درج اور دو افراد کو موقع سے گرفتار کرادیا۔انہوں نے کینال روڈ، ایڈن گارڈن روڈ سمیت مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور سپر سٹوروں میں اشیائے ضروریہ کی ڈی سی ریٹ کے مطابق قیمتوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)





آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی مختلف شعبہ ہائے زندگی کے نمائندہ وفود سے ملاقاتیں

امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت




ایف سی بلوچستان (نارتھ) صوبے میں امن و استحکام کے قیام کے ساتھ ساتھ عوامی مسائل کے حل، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے مؤثر رابطہ کاری اور ریاستی اداروں و عوام کے درمیان باہمی اعتماد کو مزید مستحکم کرنے کے لیے مسلسل اپنا فعال کردار ادا کر رہی ہے۔اسی سلسلے میں انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) نے یونیورسٹی آف بلوچستان، سمال انڈسٹریز، ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن اور بلوچستان کی ٹریڈ یونین کے مختلف نمائندہ وفود سے ملاقاتیں کیں، جن میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، امن و امان، متعلقہ شعبوں کو درپیش مسائل اور ان کے مؤثر و پائیدار حل سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔



یونیورسٹی آف بلوچستان کے وفد سے ملاقات کے دوران تعلیمی ماحول، طلبہ واساتذہ سے متعلق سیکیورٹی امور اور جامعات میں پُرامن و سازگار تعلیمی فضا برقرار رکھنے کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو ہوئی۔اس امر پر زور دیا گیا کہ بلوچستان کے نوجوان صوبے کے روشن مستقبل کا بنیادی سرمایہ ہیں اور انہیں محفوظ، مثبت اور معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنا تمام متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔تعلیمی اداروں اور سیکیورٹی اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری کو نوجوانوں کے لیے پُرامن اور ترقی پسند ماحول کے فروغ میں اہم قرار دیا گیا۔



اسی طرح سمال انڈسٹریز کے نمائندہ وفد کے ساتھ ملاقات میں مقامی صنعتوں، کاروباری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے لیے محفوظ اور سازگار ماحول کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔چھوٹی اور درمیانی صنعتیں مقامی روزگار، معاشی خود کفالت اور علاقائی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے کاروباری طبقے کو درپیش مسائل کے حل اور صنعتی سرگرمیوں کے تسلسل کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط تعاون کی ضرورت پر زور دیا گیا۔



ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے وفد نے ٹرانسپورٹ کے شعبے سے متعلق سیکیورٹی اور دیگر انتظامی مسائل سے آگاہ کیا۔ملاقات میں مسافروں، ڈرائیوروں اور ٹرانسپورٹرز کے تحفظ، اہم شاہراہوں پر محفوظ آمد و رفت اور تجارتی نقل و حرکت کو بلا تعطل جاری رکھنے سے متعلق مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی گئی۔آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے اس امر پر زور دیا کہ محفوظ شاہراہیں نہ صرف عوامی سہولت بلکہ صوبے کی معاشی سرگرمیوں اور بین الاضلاعی روابط کے فروغ کے لیے بھی بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔



بلوچستان کی ٹریڈ یونین کے نمائندہ وفد کے ساتھ ملاقات میں تاجروں اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل، تجارتی سرگرمیوں کے تحفظ اور امن وامان سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ صوبے میں پُرامن کاروباری ماحول، معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور تاجروں کے جائز مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون اور رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔



مختلف وفود نے مسائل کو سنجیدگی سے سننے، ان کے حل کے لیے عملی پیش رفت اور تمام متعلقہ فریقین کو ایک مؤثر رابطے کے پلیٹ فارم پر لانے پر آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے کردار کو سراہا۔ان ملاقاتوں نے اس عزم کو مزید مضبوط کیا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کے ساتھ تعلیم، تجارت، صنعت، ٹرانسپورٹ اور معاشی سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے مشترکہ کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔



ان ملاقاتوں کی نمایاں خصوصیت یہ رہی کہ مختلف شعبوں کے نمائندوں کو اپنے مسائل اور تجاویز براہِ راست پیش کرنے کا موقع ملا، جس سے نہ صرف مسائل کی بہتر نشاندہی ممکن ہوئی بلکہ ان کے حل کے لیے باہمی مشاورت اور ادارہ جاتی رابطہ کاری کو بھی مزید تقویت ملی۔ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے اس امر کا اعادہ کیا گیا کہ امن و سلامتی کا پائیدار قیام عوام، تعلیمی اداروں، کاروباری برادری، ٹرانسپورٹ کے شعبے، صنعتوں، سول انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مسلسل رابطے اور مشترکہ تعاون سے ہی ممکن ہے۔

ایف سی بلوچستان (نارتھ) — امن واستحکام کے ساتھ عوامی مسائل کے حل اور خوشحال بلوچستان کے لیے شانہ بشانہ

Scanned with CamScanner